## ایم کیوایم حکیم سعید قتل میں ملوث نہیں تھی، لیاقت جتوئی

کراچی ۔۔۔(مانیٹرنگ ڈیسک)

سابق وزیراعلیٰ سندھ لیاقت علی جتوئی نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ حکیم سعید کے قتل میں ملوث نہیں تھی بعدازاں عدالت میں بھی ثابت ہوا کہ حکیم سعید قتل کا متحدہ قومی موومنٹ سے کوئی تعلق نہیں تھا۔انہوں نے کہا کہ حکیم سعید بہت اچھے انسان تھے انہیں مارا گیا تو میں علاج کیلئے بیرون ملک تھا۔ ہفتے کو ایک نجی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکیم سعید قتل کی تحقیقات نواز شریف جس طرح کروارہے تھے تو میں نے ان سے کہا کہ میں سندھ کا چیف منسٹر ہوں اس میں چھپانے کی کوئی بات نہیں، میں خود تحقیقات کراؤں گا جب تک تحقیقات سامنے نہ آئے اور عدالت سے فیصلہ نہ آجائے کسی کو قاتل کیسے کہا جا سکتا ہے۔نواز شریف نے جلد بازی میں میری حکومت ختم کردی اور بغیر تحقیقات کے اپنا ہی وزیراعلیٰ معطل کردیا رانا مقبول کو سندھ میں لگایا تھا میں نے نواز شریف سے کہا تھا کہ جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم بنا لیتے ہیں اور درست تحقیقات کرکے کسی نتیجے پر پہنچتے ہیں لیکن نواز شریف نے اس سے پہلے ہی پریس کانفرنس کردی اس حوالے سے پریس کانفرنس کرنا نواز شریف کا نہیں بلکہ پولیس افسران کا کام تھا۔نواز شریف نے جو پریس کانفرنس کی اس میں مجھے نہیں بلایا گیا تھا۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جو حالات اور ذرائع تھے اور پولیس افسران تھے اس نتیجے پر پہنچے تھے کہ حکیم سعید کے قتل میں ایم کیوایم ملوث نہیں تھی اور بعد میں عدالت سے بھی یہی ثابت ہوا۔انہوں نے کہا کہ جو حکومت یا کولیشن میں ہوگا وہ حکیم سعید کا قتل کیوں کرائے گا کہ اس کی حکومت ختم ہوجائے یہ بات میری سمجھ سے باہر تھی۔

## مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم خیر پور کے کارکن جعفر شاہ کو فائرنگ کرکے قتل کردیا
## جعفر شاہ کا قتل کھلی دہشت گردی ہے، قاتلوں کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزادی جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔23 اکتوبر 2010ء

مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم خیر پور کے کارکن اور السہارا ٹرسٹ کے سربراہ جعفر شاہ ولد اختر کو فائرنگ کرکے قتل کردیا،تفصیلات کے مطابق جعفر شاہ جمعہ کے روز نارتھ کراچی کسی کام کے سلسلے میں گئے تھے کے مسلح دہشت گردوں نے ان پر شدید فائرنگ کردی جس کی وجہ سے وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے ۔جعفر شاہ کی عمر 46 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے ۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم خیر پور کے کارکن جعفر شاہ کے بہیمانہ قتل پر شدید الفاظ میں مذمت کا اظہار کرتے ہوئے واقعہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جعفر شاہ کا قتل کراچی کے امن کو ثبوتاژ کرنا ہے اور شہر میں خوف کی فضاء پیدا کرنی کی گھناؤنی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ سازشی عناصر گزشتہ کئی روز سے کراچی میں قتل وغارتگری کا بازار گرم کئے ہوئے ہیں اور وہ جب چاہتے ہیں معصوم زندگیوں سے خون کی ہولی کھیلنا شروع کردیتے ہیں لیکن افسوس کے یہ عناصر آج بھی قانون کی گرفت سے دور ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جعفر شاہ کی قتل کا فی الفور نوٹس لیں اور واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزادی جائے۔انہوں جعفر شاہ شہید کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## ایم کیوایم خیر پور کے کارکن جعفر شاہ کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم خیر پور کے کارکن جعفر شاہ ولد اختر کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید جعفر شاہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ کے بین الاقوامی فلاحی ادارے سوسائٹی فار انویل اینڈ نیڈی ’’سن انٹرنیشنل کے ٹرسٹیز سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لینے کیلئے پاکستان پہنچ گئے

کراچی۔۔۔23اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے بین الاقوامی فلاحی ادارے سوسائٹی فار ان اینڈ نیڈی ’’سن انٹرنیشنل کے ٹرسٹیز قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر پاکستان میں سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لینے کیلئے پاکستان پہنچ گیا۔وفد میں مسز ذکیہ زبیری،ڈاکٹر سلیم دانش اور ایگز یکٹو کمیٹی کے رکن منشاء خان شامل ہیں۔تفصیلات کے مطابق وفد کے ارکان سیلاب سے متاثرہ پاکستان کے مختلف صوبوں اور شہروں کا دورہ کریں گے اور وہاں پر بین الاقوامی فلاحی ادارے سوسائٹی فار ان اینڈ نیڈی ’’سن انٹرنیشنل اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے جاری امدادی سرگرمیوں میں حصہ لینے والے رضا کاروں کو تعریفی اسناد دیں گے جبکہ سیلاب زدگان کی مکمل بحالی کیلئے ضروری اقدامات کا جائزہ لے گا۔واضح رہے کہ ’’سن انٹرنیشنل نے پاکستان میں سیلاب زدگان کیلئے دنیا بھر سے کثیر تعداد میں امدادی اشیاء کو پاکستان بطور امداد فراہم کر چکا ہے۔جس میں ادویات،خوراک ،کپڑے،آلات،خیمے،و دیگر امدادی سامان شامل ہیں۔

## ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج پاسٹر جاوید انجم کو بشپ بنانے کی تقریب
## تقریب میں میتھوڈسٹ چرچ کی طرف سے چیئر مین رائیٹ ریورنڈ ڈاکٹر بشپ بشیر ایل مل نے
## جناب الطاف حسین کیلئے اقلیتوں کی بہترین نمائندہ اوران کا تحفظ کرنے پر پاسٹر جاوید انجم کو شیلڈ بھی دی

کراچی۔۔۔23،اکتوبر2010ء

اے آر پی چرچ قیوم آباد کراچی کے زیراہتمام گزشتہ روز ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج پاسٹر جاوید انجم کو بشپ بنانے کی تقریب منعقد ہوئی۔تقریب میں حق پرست صوبائی وزیر ماحولیات خالد عمر نے پاسٹر جاوید انجم کو بشپ بننے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی جبکہ میتھوڈسٹ چرچ کی طرف سے چیئر مین رائیٹ ریورنڈ ڈاکٹر بشپ بشیر ایل مل نے پاسٹر جاوید انجم کو جناب الطاف حسین کیلئے اقلیتوں کی بہترین نمائندگی،ان کے حقوق کا تحفظ کرنے پر شیلڈ بھی دی۔تقریب میں چیئر مین پاسٹر سلیمان منظور رافا پریئر انٹرنیشنل منسٹری،چیئر مین کرسچین کیئر ڈاٹر سرفراز لائیڈ،چیئر مین پاسٹر روبن راز گریٹ گاسپل چرچ،چیئر مین پاسٹر امجد فاروقی لائٹ آف لائف انٹرنیشنل منسٹری،چیئر مین وژن فوردی کنگڈم بشپ مشتاق انجم اور دیگر بیرون ملک سے آئے ہوئے مہمانوں نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد،رکن سندھ اسمبلی رشید خان اور دیگر بھی موجود تھے۔تقریب دی یونائیٹڈ میتھوڈسٹ چرچ آف پاکستان کے چیئر مین رائیٹ ریورنڈ ڈاکٹر بشپ بشیر ایل مل کی زیرنگرانی منعقد ہوئی جس میں بعدازاں ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے جوائنٹ انچارج پاسٹر جاوید انجم کو بشپ بنانے کی کارروائی مکمل کی گئی اورانہیں شرکاء کی جانب سے زبردست مبارکباد پیش کی گئی۔تقریب میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے بھی خصوصی دعا کی گئی۔

## کارکن وکیل احمد کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔23اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم محمودآباد سیکٹر یونٹ UC-5 کے کارکن وکیل احمد ولد حبیب احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم محمودآباد سیکٹر کے کارکن وکیل احمد کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

## سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔۔23 اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم (MOCK) نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن نسیم خان کے والد عمبارث خان ،فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 154 کے کارکن عامر محمد کے والد محمد دین اور شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 109 کے کارکن عبدالعقیل کی والدہ محترمہ کوثر بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

☆☆☆☆☆